Press Release

May 12, 2018

For immediate release

شوکت حسین ایس ای سی پی کے چیئر مین مقرر

اسلام آباد (مئی ۱۲) وفاقی حکومت نے سکیور ٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے کمشنر، شوکت حسین کو ادارے کا چیئر مین مقرر کر دیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے نو ٹیفیکیشن جاری ہونے کے بعد شوکت حسین نے ایس ای سی پی کے چیئر مین کے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔

شوکت حسین انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاونٹنٹس آف پاکستان کے فیلو ممبر ہیں اور اکاونٹس، مینجمنٹ اور فنانشل شعبے میں بتیس سال کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے انہیں ستائیس مارچ کو ایس ای سی پی میں کمشنر تعینات کیا گیا تھا۔ کمشنر تعیناتی سے پہلے وہ ایس ای سی پی میں ہی رجسٹرار آف کمپنیز اور کارپوریٹ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ کے طور پر فرائض انجام دے رہے تھے۔ وہ ستمبر 2000 میں ایس ای سی پی میں بطور جائنٹ رجسٹرار تعینات ہوئے تھے۔ ایس ای سی پی میں اپنے اٹھارہ سالہ کریئر میں انہوں نے اسلام آباد، کراچی اور پشاور کے کمپنی رجسٹریشن دفاتر کے انچارج کے طور پر کام کیا۔ علاوہ ازیں بطور ڈائریکٹر، سکیور ٹیز مارکیٹ ڈویژن میں بھی کام کرتے رہے۔ انہیں ایس ای سی پی کے زیر انتظام قوانین پر بھی مکمل گرفت ہے جبکہ وہ ایس ای سی پی کے دائرہ کار، طریقہ کار اور مقاصد سے بھی مکمل آگہی رکھتے ہیں۔ ایس ای سی پی میں ملازمت سے پہلے وہ اکاونٹنسی فرم، پبلک اور نجی شعبے میں کے مالیاتی اداروں اور لسٹڈ کمپنیوں میں کام کرتے رہے۔

ایس ای سی میں میں بطور رجسٹرار آف کمپنیز انہوں نے نئی رجسٹریشن کو آسان بنانے اور رجسٹریشن کے بعد کے مراحل میں سہولتیں فراہم کرنے کے حوالے سے کافی کام کیا۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن کے طریقہ کار کو آسان بنایا گیا، ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے تمام مراحل کو آن لائن کر دیا گیا جبکہ کمپنیوں کی کاسٹ آف بزنس میں بھی نمایاں کمی کی گئی۔ ان اصلاحات کے نتیجے میں ان کے دور میں کمپنیوں میں رجسٹریشن میں نمایاں اضافہ ہوا۔